
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : ناہید حسن



# گڑیا

کہانی : قمر احمد علی خان

تصویریں : آمنہ مرزا

## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کتاب ''گڑیا'' پہلی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس ٹیچرز گائیڈ میں دیئے گئے کام کو الگ الگ سیشن میں بانٹ دیا گیا ہے۔ ٹیچر بچوں کی صلاحیت کے مطابق اس میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔

گائیڈ میں دیئے گئے ریڈر کارڈز کی فوٹو کاپی بچوں کی تعداد کے مطابق کر والیں۔

مختلف activities اور artwork کے لئے مٹی، رنگین کاغذ یا پتنگ کا کاغذ، روئی، رنگین اون، رنگین بٹن، سفید اور رنگین کپڑوں کے ٹکڑے، ایک درمیانے سائز کا ٹب، قینچی، گوند، پرانے اخبار وغیرہ کا انتظام کر لیں۔ (کچھ چیزیں بچے بھی لائیں۔ کچھ ٹیچر منگوائیں)۔

بچوں کے کودنے کے لئے رسی (skipping rope) کا انتظام کر لیں۔

پٹھو کھیلنے کے لئے کلاس کے باہر انتظام کریں۔

hula hoop منگائیں۔ (یہ ایک ایسا ring ہوتا ہے جسے بچے کمر کے گرد گول گول گھماتے ہیں)۔

ٹیچر کے لئے ان کھیلوں میں سے جن کھیلوں کا انتظام کرنا ممکن ہو وہ کر لیں۔

## سیشن 1

### بات چیت اور کھیل

20 منٹ
- پہلے دن سبق شروع کر وانے سے پہلے ٹیچر بچوں سے ان کی پسند کے مختلف کھیلوں کے بارے میں سوالات کریں۔ ان سے پوچھیں کہ وہ کون کون سے کھیل کھیلتے ہیں؟ ان کے پاس کون سے کھلونے ہیں؟ دن بھر میں کتنی دیر کھیلنے کا وقت ملتا ہے؟ بھاگ دوڑ کا کھیل کھیلنا پسند کرتے ہیں یا گھر کے اندر بیٹھ کر کھیلنا؟

25 منٹ
- اب ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہم لوگ کلاس کے باہر کھیلنے کے لئے جائیں گے۔ لیکن کوئی بچہ ادھر ادھر نہیں بھاگے گا اور نہ ہی شور کرے گا تاکہ دوسری کلاسز ڈسٹرب نہ ہوں۔ باہر جا کر چور پولیس اور اس کے علاوہ دوسرے وہ کھیل بھی کھیل سکتے ہیں جو اوپر ٹیچرز نوٹس میں دیئے گئے ہیں۔ ٹیچر باری باری مختلف گروپ میں بچوں کو کھیل کھیلنے کا موقع دیں۔

## سیشن 2

### مشاہدہ اور پڑھائی

25 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کتاب ''گڑیا'' کھلوائیں۔ بچے کتاب کے صفحات خاموشی سے دیکھیں اور پڑھنے کی کوشش کریں۔ (ضروری نہیں کہ تمام بچے مکمل طور پر پڑھ سکتے ہوں) دس منٹ بعد ٹیچر ان سے باری

باری سوالات کریں۔ تمام سوالات تصویروں کے متعلق کریں۔ مثلاً کہانی کا نام کیا ہے؟ یہ بچے کہاں کھیل رہے ہیں؟ بچی کیوں رو رہی ہے؟ پہلے اور دوسرے صفحے پر کیا ہو رہا ہے؟ کیا آپ بچوں کے نام بتا سکتے ہیں؟ بچوں کے ساتھ اور کون لوگ ہیں؟ اسی طرح آخری صفحے تک سوالات کریں اور آخر میں کہانی پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کی دلچسپی بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ ٹیچر پورے تاثرات اور ایکٹنگ کے ساتھ کہانی پڑھیں۔ کہانی کی پڑھائی ختم کرنے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں کیا بچوں کو پانی کے بہت قریب جانا چاہئے؟ بچوں کو اپنی رائے دینے کا پورا موقع دیں۔ (انہیں بتائیں کہ گہرے پانی کے نزدیک بغیر کسی بڑے کی موجودگی کے ہرگز نہیں جانا چاہئے)۔

### آرٹ

20 • بچوں کو سادے کاغذ دیں۔ بچے ان پر اپنی پسند کے مختلف کھلونوں کی ڈرائنگ کریں۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصویروں میں رنگ بھی بھریں۔ ٹیچر بورڈ پر مختلف کھلونوں کے نام لکھ دیں۔ مثلاً گڑیا، گاڑی، بھالو، گیند۔ بچے کھلونا بنانے کے بعد اس کا نام بورڈ پر دیکھ کر لکھیں۔ اگر وہ نام بورڈ پر نہیں ہے تو ٹیچر لکھنے میں بچے کی مدد کریں۔

### گھر کا کام

• ٹیچر اگلے دن بچوں کو کلاس سے باہر لے جا کر مٹی کے کھلونے بنوائیں۔ اس کے لئے ٹیچر پہلے سے مٹی کا انتظام کر لیں۔

## سیشن 3

### پڑھائی

15 منٹ • ٹیچر ایک بار پھر کہانی پڑھ کر سنائیں اور بعد میں Reader Card-1 میں سے لائن نمبر 1-2 کے الفاظ کی انفرادی پڑھائی کر وائیں۔ الفاظ کی پڑھائی میں ٹیچر بچوں کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔

### مٹی کے کھلونے بنانا

30 منٹ • اب بچے کلاس کے باہر جائیں اور ٹیچر کی منگوائی ہوئی مٹی سے اپنی پسند کے مختلف کھلونے بنائیں۔ بچوں

نے جو کھلونے بنائے ہیں ان کو ایک محفوظ جگہ پر سوکھنے کے لئے رکھیں۔ ایک دن بعد جب وہ سوکھ جائیں تو کسی وقت بچے کلاس میں ان پر رنگ کریں۔

## سیشن 4

15 منٹ
- Reader Card-1 میں سے لائن نمبر 1-2 کی پڑھائی دوبارہ کر وائیں اور اس کے بعد لائن نمبر 3-4 کی پڑھائی بھی کر وائیں۔

### آرٹ اور کھیل

30 منٹ
- آج بچے اپنے مٹی کے کھلونوں پر رنگ کریں۔ اگر ٹائم بچ جائے تو بچے اپنی ڈرائنگ کوپیوں میں تصویریں بنائیں اور رنگ کریں۔

### گھر کا کام

- بچوں کو Reader Card-1 دے دیں وہ گھر سے ان الفاظ کی پڑھائی کر کے آئیں۔ کل املا کروایا جائے گا۔

## سیشن 5

### املا (Dictation)

25 منٹ
- بچوں کو Reader Card-1 میں سے صرف ان الفاظ کا املا دیں جن کی تصویر بھی بنائی جا سکتی ہو۔ مثلاً امی، بچے، دری، حنا، عادل، گڑیا، پانی، پری، ابو۔ بچے یہ الفاظ لکھیں۔ املا کے بعد لفظ کے مطابق تصویریں بھی بنائیں۔

### سرگرمی

20 منٹ
- آج بچے رنگین کاغذ اور کپڑے کے ٹکڑوں کے ساتھ مختلف کھلونے بنائیں۔ اس کام میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں اور اگر ان کو خود بھی مدد کی ضرورت ہو تو اپنی کسی ساتھی آرٹ ٹیچر کو بھی بلائیں۔ رنگین کاغذ پر مختلف کھلونے پنسل کی مدد سے draw کریں۔ بچے ان کو دہرا کر کے کاٹیں اور مارکر سے ان کی شکل

بنائیں۔ ان کے اندر پرانے اخبار کی کترن بھریں اور رنگین کاغذ کے دونوں سروں کو چپکا دیں۔ اسی طرح کپڑے کے ٹکڑوں پر بھی مختلف کھلونوں کی تصویریں بنا کر ان کو دوہرا کر کے کاٹ لیں۔ دونوں سرے چپکا کر اس کے اندر روئی بھریں اور بٹن اور اون یا گوٹا کناری کی مدد سے ان کے بال، آنکھ، ناک وغیرہ لگائیں۔ آخر میں مکمل طور پر چپکا کر بند کریں۔ کلاس کے اندر ڈوری باندھ کر ٹیچر بچوں کی بنائی ہوئی چیزیں لٹکا دیں۔ دوسری کلاسز کے بچوں کو بلا کر انہیں بھی یہ کام دکھائیں۔

## سیشن 6

### پڑھائی

- کچھ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ 20 منٹ
اس کے بعد Reader Card 2 کی لائن نمبر 1-2 کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کہانی ''گڑیا'' کے ساتھ جتنی activities کیں ان میں سے سب سے اچھی activity ان کو کون سی لگی اور کیوں؟ آخر میں بچوں سے پوچھیں کہ اگر ان کو پکنک کے لئے جانا ہو تو وہ اپنے ساتھ کیا کیا چیزیں لے جائیں گے؟ 25 منٹ
ٹیچر بچوں کو سادے کاغذ دیں۔ جس پر بچے وہ جگہ بنائیں جہاں وہ پکنک پر جانا چاہتے ہیں مثلاً باغ، سمندر کا کنارہ یا پہاڑ وغیرہ اور ان چیزوں کی تصویریں بنائیں جو اپنے ساتھ لے جائیں گے۔

### گھر کا کام

- Reader Card 2 پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 7

### پڑھائی

- پہلے کچھ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ 20 منٹ
اب Reader Card 2 کی پڑھائی کروائیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ بار بار کوشش کرنے سے مشکل کام بھی آسان ہو جاتا ہے۔ ابو نے کوشش کی تو حنا کی گڑیا نکال لی۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کس بات پر رونا آتا ہے؟ بچوں کے درمیان رونے کا 25 منٹ

مقابلہ کرو ائیں۔ آخر میں بچوں کے ساتھ مل کر کوئی اچھا سا گانا گائیں یا نظم پڑھیں۔

نوٹ

- اگر ممکن ہو تو بچوں کو اسکول کے قریب کسی پارک میں پکنک کے لئے لے جائیں۔ بچے وہاں پر مختلف کھیل مثلاً کوڑا جمال شاہی' کھوکھو' آنکھ مچولی' برف پانی' وغیرہ کھیلیں۔

بچوں کو اس بات کی آ گاہی ہونا بہت ضروری ہے کہ ایسے کھیل کھیلنا بہت مفید ہوتا ہے جن کو کھیلنے سے بچوں کی ورزش بھی ہوتی ہے اور وہ چست رہتے ہیں۔

ریڈر کارڈ نمبر 1

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور | حنا | پر | گئے |
| امی | کی | گڑیا | بیٹھ |
| بچے | کے | پانی | کر |
| بچھا | عادل | ابو | میں |
| دری | گر | پری | کنارے |

ریڈر کارڈ نمبر 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| نہر | چابی | پکنک | میری |
| سے | نکلی | روئی | لکڑی |
| دونوں | خوش | تیر | نکال |
| لائے | وہ | گئی | دی |
| نکالنا | نہ | گئیں | نے |

# گڑیا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk